خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین (ملازمت کی مستقلی) کا قانون مجریہ 1988ء
(خیبر پختونخوا کے مجریہ 1988ء کا قانون نمبر. 1)

فہرست مضامین.

افتتاحیہ.

1. مختصر عنوان، وسعت اور آغاز.

2. تعاریف.

3. بعض سرکاری ملازمین کی ملازمت کی مستقلی.

4. سینیارٹی کا تعین.

5. ایڈ ہاک بھرتی پر پابندی.

خیبر پختونخوا کے سرکاری ملازمین کی (ملازمت کی مستقلی) کا قانون مجریہ 1988ء

خیبر پختونخوا کے مجریہ 1988ء کا قانون نمبر. 1

ایک قانون.

ایڈ ہاک پر بھرتی کئے گئے بعض سرکاری ملازمین کی ملازمت کی مستقلی کے لیے مزید مہیا کیا جاتا ہے.

افتتاحیہ:

ہرگاہ کہ عوامی مفاد کو دیکھتے ہوئے کئی سرکاری ملازمین کی ملازمت کی مستقلی کے لیے جو ایڈ ہاک بھرتی کئے گئے تھے. اس طرح درج ذیل قانون بنایا جاتا ہے.

1. **مختصر عنوان، وسعت اور آغاز:-** (1) قانون ہذا کو خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین (ملازمت کی مستقلی) کے قانون کے نام سے موسوم کیا جائے گا.

(2) اس قانون کا اطلاق تمام خیبر پختونخوا پر ہوگا.

2. **تعاریف:**

(1) قانون ہذا میں تاوقتیکہ عنوان یا متن میں کوئی امر منافی نہ ہو.

(الف) ''کمیشن'' سے مراد خیبر پختونخوا پبلک سروس کمیشن ہے.

(ب) ''حکومت'' سے مراد خیبر پختونخوا کی حکومت ہے.

(پ) ''قانون یا ضابطہ'' سے مراد سرکاری ملازمین کے انتخاب اور تقرری کا موجودہ رائج الوقت طریقہ کار، اور

(ت) ''آسامی'' سے مراد حکومتی آسامی یا حکومتی معاملات کے سلسلے میں کمیشن کی سفارش پر پر کی گئی کوئی آسامی مراد ہے.

(2) ''ایڈ ہاک بھرتی'' اور ''سرکاری ملازمین'' کے الفاظ اسی معنی میں استعمال ہوں گے جیسا کہ بالترتیب خیبر پختونخوا سرکاری ملازمین کے قانون مجریہ 1973ء (خیبر پختونخوا مجریہ 1973ء کا قانون نمبر. XVIII) میں موجود ہیں.

(3) بعض سرکاری ملازمین کی ملازمت کی مستقلی۔
باوجود اس کے کہ کسی قانون یا قاعدہ جو کہ رائج الوقت ہو لیکن پبلک سروس کمیشن کے ایک منتخب امیدوار کی تقرری کی ترجیحی حق کے مطابق اگر کوئی جو اس قانون کے نفاذ سے پہلے بھی منتخب شدہ ہو تو وہ اس طرح تصور ہوگا کہ اس قانون کے اطلاق کے بعد مستقل سرکاری ملازم ہوگا۔
بشرطیکہ:،
(الف) اس قانون کے تحت صرف ان سرکاری ملازمین کے ناموں کی سرکاری کتابچہ میں اشاعت پر انکی خدمات کو سرکاری ملازمین تصور کیا جائے گا، یا
(ب) ایسے سرکاری ملازمین جو کہ عہدوں کے لیے مقرر کردہ اہلیت اور تجربہ رکھتے ہوں جسکے لیے وہ مستقل بنیادوں پر بھرتی ہوتے ہیں۔

4. سینیارٹی کا تعین:
(1) ایسے سرکاری ملازمین جنکی ملازمت اس قانون کے تحت مستقل ہوئی ہوں ان کو ان تمام سرکاری ملازمین جو کہ ایک ہی شعبے/کیڈر جیسے بھی ہو سے درجے میں جونیئر ہوں گے جو کہ مستقل بنیاد پر ملازمت میں ہوں اور وہ سرکاری ملازمین جو اس قانون کے نفاذ پر مستقل طور پر بھرتی میں ہوں وہ بھی ان افراد سے جونیئر ہونگے جن کی پبلک سروس کمیشن نے اس قانون کے نفاذ سے پہلے قطع نظر ان کی اصلی بھرتی کی تاریخ کے تقرری کی سفارشات دی ہوں۔
(2) ایک ہی ملازمت یا کیڈر میں ان سرکاری ملازمین کے مابین سینیارٹی جنکی ملازمت اس قانون کے تحت مستقل کی گئی ہیں انکی مستقل تقرری کی بنیاد پر ہوگی۔بشرطیکہ دو یا دو سے زیادہ سرکاری ملازمین ایک ہی خدمت یا کیڈر میں متواتر نوکری کر رہے ہوں تو عمر میں زیادہ سرکاری ملازم کم عمر سرکاری ملازم سے سینئر ہوگا۔

5. [منسوخی۔]